23/1

تاریخ پاکستان

سیکنڈری جماعت دہم (پارٹ - II)

(حصہ انشائیہ)

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

-2 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

i	جنگ پلاسی کب اور کس کے درمیان لڑی گئی؟
ii	استعماریت سے کیا مراد ہے؟
iii	تیتو میر کا اصل نام کیا تھا اور کب پیدا ہوا؟
iv	حضرت شاہ ولی اللہ نے کس کو ہندوستان پر حملہ کرنے کی دعوت دی۔
v	سیّد احمد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
vi	حضرت مجدد الف ثانی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
vii	سر سیّد احمد خان نے مسلمانوں کی حالت زار دیکھ کر کیا تبصرہ کیا؟
viii	تقسیم بنگال کے خاتمے سے مسلمانوں پر کیا اثر ہوا؟
ix	سودیشی تحریک کس نے شروع کی اور اس کا مقصد کیا تھا؟

-3 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

i	شملہ وفد کے مطالبات پر وائسرائے منٹو کا ردعمل دو سطروں میں لکھیں۔
ii	"مسلم لیگ" قائم کرنے کے کیا مقاصد تھے دو سطروں میں لکھیں۔
iii	لکھنو پیکٹ کن دو قوموں کے درمیان ہوا؟
iv	تحریک خلافت کی دو اہم شخصیات کے نام لکھیئے۔
v	تیسری گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی دو سطروں میں تحریر کریں۔
vi	قرارداد لاہور کے دو اہم نکات تحریر کریں۔
vii	قائداعظم نے سیاسی زندگی کا آغاز کیسے کیا۔ دو جملے لکھیئے۔
viii	کرپس مشن کس برطانوی وزیراعظم کے دور میں پاکستان آیا؟
ix	کابینہ مشن منصوبہ میں صوبوں کے کتنے گروپ بنائے گئے؟

-4 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

i	اثاثوں کی تقسیم میں پاکستان کو کتنی رقم دی گئی؟
ii	جنرل ایوب خان کتنے عرصہ برسراقتدار رہے؟
iii	بنیادی جمہوریتوں کا نظام کب نافذ کیا گیا اور اس نظام کے تحت کتنے ممبر منتخب ہوئے؟
iv	ضیاء الحق کا دور حکومت کیسے ختم ہوا؟
v	6 اگست 1990ء کو صدر غلام اسحاق خان نے کس کی حکومت برطرف کی اور عبوری وزیراعظم کس کو مقرر کیا۔
vi	جنرل ضیاء الحق نے صدر کا عہدہ کیسے سنبھالا؟
vii	سر آغا خان سوئم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
viii	عبیداللہ سندھی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
ix	علامہ اقبال کب پیدا ہوئے اور انہوں نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی۔

(حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ (24 = 8 x 3)

-5 ہندوستان میں انگریزوں کی آمد اور مقاصد تحریر کریں۔ (08)

-6 سر سیّد احمد خان کی سیاسی خدمات تحریر کیجیے۔ (08)

-7 کانگرس کی تعلیمی پالیسیوں پر مسلمانوں کے ردعمل کا تجزیہ کیجیے۔ (08)

-8 قائداعظم بطور گورنر جنرل 15 اگست 1947ء تا 11 ستمبر 1948ء تحریر کریں۔ (08)

-9 ذوالفقار علی بھٹو کی اصلاحات تفصیلاً تحریر کریں۔ (08)

(ختم شد)

Scanned with CamScanner

جوابی کاپی کا سیریل نمبر

تاریخ پاکستان (حصہ معروضی)

رول نمبر

23/1 (سیکنڈری) (جماعت 10th) پارٹ - II

فرضی رول نمبر (دفتری استعمال کیلئے)

دستخط نائب ناظم / ناظمہ مرکز

دستخط امیدوار

تاریخ پاکستان (حصہ معروضی) 23/1 (سیکنڈری) پارٹ - II وقت : 20 منٹ کل نمبر: 15

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹِک (✓) کا نشان لگائیں۔ (15)

نمبر شمار	سوالات	جوابات ا	ب	ج	د
1	انگریزوں اور سراج الدولہ کے درمیان جنگ پلاسی ہوئی	جون 1756ء میں	جون 1757ء میں	جون 1758ء میں	جون 1759ء میں
2	قرآن پاک کا فارسی زبان میں ترجمہ کیا۔	شاہ عبدالقادر نے	شاہ ولی اللہ نے	شاہ رفیع الدین نے	شاہ عبدالعزیز نے
3	سر سیّد احمد خان پیدا ہوئے۔	1817ء میں	1898ء میں	1893ء میں	1818ء میں
4	بنگال کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا۔	1903ء میں	1904ء میں	1905ء میں	1906ء میں
5	مسلم لیگ کا پہلا باضابطہ اجلاس دسمبر 1907ء کو ہوا۔	کراچی میں	لاہور میں	علی گڑھ میں	دہلی میں
6	موپلا بغاوت کا آغاز ہوا۔	1920ء میں	1921ء میں	1922ء میں	1923ء میں
7	1935ء کے ایکٹ کے تحت صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات منعقد ہوئے۔	1939ء میں	1942ء میں	1940ء میں	1937ء میں
8	قرارداد لاہور پیش کی۔	مولوی فضل الحق نے	مولانا شوکت علی نے	علامہ اقبال نے	قائداعظم نے
9	قائداعظم نے مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی	1906ء میں	1913ء میں	1911ء میں	1916ء میں
10	وائسرائے بھارت و پاکستان کا مشترکہ گورنر جنرل بننا چاہتا تھا۔	منٹو	کرزن	ماؤنٹ بیٹن	ویول
11	پاکستان کے پہلے وزیراعظم تھے۔	لیاقت علی خان	قائداعظم	محمد علی بوگرہ	خواجہ ناظم الدین
12	27 اکتوبر 1958ء کو مارشل لاء لگایا۔	چودھری محمد علی نے	ایوب خان نے	سکندر مرزا نے	لیاقت علی خان نے
13	دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس میں شرکت کی۔	34 ممالک نے	35 ممالک نے	36 ممالک نے	37 ممالک نے
14	جنرل محمد ضیاء الحق نے اقتدار سنبھالا۔	5 جولائی 1977ء کو	5 جولائی 1975ء کو	5 جولائی 1979ء کو	5 جولائی 1980ء کو
15	آغا خان سوئم کو سر کا خطاب ملا۔	1877ء کو	1878ء کو	1898ء کو	1902ء کو

(ختم شد)

CS Scanned with CamScanner